ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(469)

29-08-2023

**بہاولپور(          )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاون کا سلسلہ جاری، گزشتہ 24 گھنٹے میں متعددملزمان گرفتارکرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدارمیں شراب ومنشیات برآمدکرلی۔ضلع بہاولپورکومنشیات سے پاک کرنے کاعزم۔ڈی پی اوسیدمحمدعباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹرجنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرسیدمحمدعباس نے ضلع بھرکے ایس ایچ اوزکوسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کرمنشیات فروشوں کی گرفتاری کاٹاسک دیاتھا،جس کے نتیجہ میں بہاولپورپولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورایکشن جاری ہے۔گزشتہ 24 گھنٹے میں 24مقدمات درج رجسٹرڈ کئے ۔گرفتارملزمان کے قبضہ سے 1036لیٹردیسی شراب،132لیٹرلہن ،04عددچالوبھٹیاں، 07 کلو 190 گرام چرس برآمدکرلی۔جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 08منشیات کے عادی افرادکوبرائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایاگیا۔اس موقع پرڈی پی اوسید محمدعباس نے افسران کوہدایات جاری کرتے ہوئے کہاکہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کومزیدتیزکیا جائے۔منشیات مافیاکے خلاف بلاامتیازکارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کرتعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیاجائے گا۔افسران بالاکےاحکامات کےمطابق اپنی کارکردگی کوبہتربنائیں۔اس مہم میں تمام تروسائل کوبروئےکارلاتے ہوئے مزیدکارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزیدکہاکہ منشیات ایک لعنت ہے جس کابہاولپورسے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایاجائے گا۔

**ترجمان بہاولپورپولیس**



بہاولپور:وزیراعلیٰ پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاؤن،متعددملزمان گرفتارکرکےان کے قبضہ سے بھاری مقدارمیں شراب ومنشیات برآمدکرلی